خوبصورت ھوتا ھے لیکن اس کے باوجود اس کے رکھنے کا مقام آپ جانتے ھیں پنجرہ
ھے - اگر اسکو پنجرے سے چھوڑ دیا جائے تو ظاھر ھے وہ بکروں - گائیوں اور جو جو
جانور رھینگے ان سب کو کھا جائیگا ھم تو بیل ھیں ھم شیر کو نہیں کھائینگے مگر
شیر ھمکو کھا جائیگا - میرے کہنے کا مطلب یہ ھے کہ رومانس (Romance)
اور پالیٹکس (Politics) الگ الگ چیزیں ھیں - پریکٹس (Practice) سے
تھیوریز (Theories) کو ڈیولپ (Develop) کرنا چاھئے تب ھی ملک کی
حالت بہتر ھوسکتی ھے - آنریبل فینانس منسٹر نے یہ فرمایا کہ بجٹ کے پراسپکٹس
(Prospects) گلومی (Gloomy) ھیں - یہ ھماری موجودہ گورنمنٹ کے
فینانس منسٹر کا ھی خیال نہیں بلکہ آپ کے ملک میں پانچ چھ سال سے جو گڑبڑ ھوئی ھے
اسی کے نتیجہ کے طور پر فینانشیل پوزیشن (Financial position) متاثر
ھو رھا ھے چنانچہ اس بجٹ کے تیار کرنے والے مسٹر سی - وی ایس- راؤ نے سنہ ۱۹۵۰-۵۱
کا بجٹ پیش کرتے ھوئے یہ الفاظ استعمال کئے ھیں -

> "The State has been passing through difficult times during the past 2½ years. Expenditure is mounting up and it is becoming increasingly difficult to find sufficient money to meet adequately the growing demands of the nation-building departments. There is, therefore, urgent need for economy.
>
> C.V.S. RAO."

یہ وہ خیال ھے جو آنریبل فینانس منسٹر نے سنہ ۵۰-۱۹۵۱ع کے بجٹ کے متعلق ظاھر
کیا تھا - یہ خیالات اسی کا ایک سلسلہ ھیں - کوئی نئی چیز نہیں - اس کے لئے ھماری
دوسری جانب کے ارکان آنریبل فینانس منسٹر کو جو ذمہ دار گرداں رھے ھیں وہ صحیح
نہیں ھے - یہ پرانا سلسلہ ھے جو چلا آرھا ھے - موجودہ مشکلات اور حالات کے لحاظ سے
یہ بجٹ پیش ھوا ھے- یہ عام مقولہ ھے کہ جتنی چادر ھو اتنے ھی پیر پھیلانا چاھئے -
یا آپ کے پیر جتنے لانبے ھوں اتنی ھی چادر خرید نا چاھئے دونوں میں سے کوئی
ایک طریقہ اختیار کرنا ھوگا - آئندہ تین - چار مہینوں کے بعد جو بجٹ غور و خوص
کے بعد پیش ھوگا وہ کس قسم کا ھوگا میں نہیں جانتا - لیکن فینانس منسٹر نے
جو اشارہ کیا ھے اس سے معلوم ھوتا ھے کہ چند ٹیکسس میں اضافہ ھوگا - میں اس بارے میں
گورنمنٹ کی توجہ اس جانب منعطف کراؤنگا کہ وہ احتیاط سے قدم اٹھائے اور اکانمی کو
ملحوظ رکھے - سابقہ گورنمنٹ نے ایک اکانمی کمیٹی بنائی تھی جس کا میں بھی رکن
رھا ھوں - اس کمیٹی نے غور و خوض کے بعد تین کروڑ ساٹھ لاکھ کی بچت کے امکانات
بتائے تھے - مجھے نہیں معلوم کہ ان سفارشات کو کہاں تک روبعمل لایا گیا - ان
سفارشات کی بناء پر بھی تین کروڑ ساٹھ لاکھ کی بچت کیجاسکتی ھے - جس سے یہاں جو
گھاٹا بتایا گیا ھے اس کو پورا کرنے کے بعد بھی دو کروڑ کی بچت ھو سکتی ھے- لہذا

میں کہوں گا کہ اکانمی کی طرف توجہ دینی چاہئیے مگر یہ بھی آناً فاناً ممکن نہیں ۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک میں زمیندار، جاگیردار اور امرائے عظام تھے ان سب کو آپ ختم کررہے ہیں ۔ حیدر آباد کی نوابی ختم ہوگئی ۔ ان نوابوں کی جگہہ ہم لینا نہیں چاہتے ۔ اس نوابی شان کو گھٹانا چاہئیے ۔ ہمارے ملک کے حالات اس کی اجازت نہیں دیتے۔ گورنمنٹ کے اڈمنسٹریشن میں کافی سادگی برتی جا سکتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہمارے اڈمنسٹریشن کے کل پرزے اس تجویز میں گورنمنٹ کا ساتھ دینگے اور محبان وطن کہلانے میں کبھی پیچھے نہ ہٹینگے ۔ لہذا میں اکانمی کا متوقع ہوں ۔

یہ بھی کہا گیا کہ راج پرمکھ اور جاگیرداروں کو اتنا معاوضہ کیوں دیاجارہا ہے۔ راج پرمکھ کو جو پچاس لاکھ روپیے معاوضہ دیا جارہا ہے وہ سنٹرل گورنمنٹ دیتی ہے۔ حیدرآباد گورنمنٹ نہیں دیتی۔ حیدرآباد گورنمنٹ جو رقم دیتی ہے ۔ وہ صرفخاص کا معاوضہ ہے اور یہ معاوضہ صرفخاص کے خالصہ میں ضم ہونے کے بعد آمدنی اور اخراجات کے پیش نظر طے پایا ہے۔ یہ پچاس لاکھ کا معاوضہ صرف موجودہ نظام کی زندگی تک ہے۔ یہ چونکہ طے شدہ ہے اس لئے اس میں تبدیلی ممکن نہیں ۔ موجودہ راج پرمکھ کے بعد کوئی دس لاکھ سے زیادہ نہیں پاسکتے ۔ موجودہ معاوضہ سنٹرل گورنمنٹ اور راج پرمکھ کے باھمی معاھدہ کے تحت ہے اس بارے میں ھاوزکو کس حد تک اختیار ہے ھاوز خود غور کر سکتا ہے۔ دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ جاگیرداروں کو دئیے جانے والے معاوضہ سے متعلق ہے جس پر اعتراض کیا گیا ۔ لیکن کانسٹی ٹیوشن کے لحاظ سے بغیر معاوضہ ادا کئے کوئی جائیداد حاصل نہیں کیجاسکتی بجز اس کے کہ کسی سنگین جرم کی پاداش میں اس کے خلاف عمل کیا جائے ۔ انڈین کانسٹی ٹیوشن کو عوام کے نمائندوں نے مرتب کیا ہے اور اس دستور میں جو فنڈ امنٹل رائیٹس (Fundamental rights) دئیے گئے ہیں ان میں بتایا گیا ہے کہ کسی جائیداد کو بغیر معاوضہ کے نہیں لیا جاسکتا۔ ان فنڈامنٹل رائیٹس سے کوئی مستثنی نہیں ہو سکتا ۔ رولس کے تحت جاگیرداروں کو جو معاوضہ دیا جاسکتا ہے وہ ۲۰ یا ۲۵ لاکھ سالانہ سے زیادہ نہیں ہو سکتا مثلاً کسی امیر پائیگاہ کی سالانہ آمدنی اگر ۲۰ یا ۲۵ لاکھ ہوتو جاگیر ابالش (Abolish) ہونے کے بعد جو معاوضہ دیا جائیگا وہ کسی صورت میں ۲۰ یا ۲۵ لاکھ سے زیادہ نہیں ہو سکتا البتہ کم آمدنی والے جاگیردار جو دس بیس ہزار کے ہیں انہیں فائدہ ہوگا ۔ بقیہ کو نہیں ہوگا ۔ میں نے ابھی عرض کیا کہ انقلاب آیا مگر "آج"، "کل" سے الگ نہیں ہو سکتا ۔ اگر کوئی یہ کہے کہ جاگیرداروں کو ختم کردیا جائے تو کم سے کم کانگرس اسکو پسند نہیں کرتی ۔ ان کی شان کو توختم کریگی لیکن ان کو زندہ رہنے کا حق دیا جائےگا۔ زندہ رکھنے کے لئے انہیں معاوضہ دینا ضروری ہے یہ معاوضہ ۱۸ - ۱۹ سال میں دیا جائے گا معاوضہ کے بارے میں انڈین کانسٹی ٹیوشن نے جو پلان بنایا ہے اسکے تجاویز ، قطعی اورمناسب ہیں۔

جہانتک کہ حیدر آباد کے فینانشیل انٹی گریشن (Financial integration) کا تعلق ہے ہمارے پاپولر منسٹرس اس کی جانب متوجہ ہوں۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے

بہت سے مداتِ آمدنی سنٹرل سبجکٹس (Central subjects) قرار پائے ہیں جن میں ریلوے، ٹیلیفون، اکسائیز اور محصول چنگی کے ایٹمس شریک ہیں۔ سنہ ۱۹۴۸ اور سنہ سنہ ۱۹۴۹ میں یہ اندازہ لگایا گیا تھا کہ تقریباً پانچ کروڑ باون لاکھ روپیے کی آمدنی سنٹر کو جائے گی نیز ملٹری سنٹرل سبجکٹ ہوگی اور نظام کا معاوضہ سنٹرل سبجکٹ ہوگا جس کے بعد تقریباً ایک کروڑ چودہ لاکھ کا تفاوت رہتا ہے۔ آنریبل فینانس منسٹر نے اپنی تقریر میں بتایا کہ سنٹر سے ایک کروڑ ۳۰ لاکھ روپیے ملینگے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہت سے ممبرس اس رائے سے اتفاق کرینگے کہ یہ مسئلہ حیدرآباد کی پاپولر گورنمنٹ، حکومت ہند کی توجہ میں لائے تاکہ اس مسئلہ پر نظر ثانی کیجائے ہمکو ملنے والے معاوضہ میں کافی اضافہ ممکن ہے۔ کم سے کم دو کروڑ تک اضافہ ہونا چاہئے اگر یہ ہوجائے تو ہمارے خسارے کا سوال باقی نہیں رہتا ۔ اس اسمبلی کی تمنا ہے کہ یہ مسئلہ سنٹرل گورنمنٹ کی نوٹس میں لایا جائے ۔ اس زمانہ میں انکم ٹیکس کا اندازہ ۸۰ لاکھ لگایا گیا تھا لیکن آج انکم ٹکس کی رقم کافی بڑھ چکی ہے ۔ اس لحاظ سے بھی ہمیں ملنے والے معاوضہ میں اضافہ کی قوی امید ہو سکتی ہے۔ یہ چند چیزیں ہیں جو اس وقت زیر بحث آنی چاہئیں لیکن جب آئندہ تفصیلی موازنہ پیش ہوگا اوس وقت ان مسائل پر پورے طور سے غور اور ڈسکشن کیا جا سکتا ہے اس وقت تفصیل میں جانے کی گنجائش نہیں ۔ ان حالات میں، میں سمجھتا ہوں کہ دوسری جانب کے ارکان بھی زیادہ زور نہ دینگے اور ہماری اس منسٹری کی ناؤ کو آسانی کے ساتھ آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرینگے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ ہاؤز نے طے کیا ہے کہ سات بجے تک مباحث چلیں اسوقت چھ بجے ہیں یہ جملہ بحثیں کل بھی ہو سکتی ہیں ۔ آج آپ کے سامنے ووٹ آف موشن آئیگا ۔ اسٹڈ منٹس پیش ہونیکے بعد اس سلسلہ میں بحثیں ہو سکتی ہیں ۔ میں کسی صاحب کو روکنا نہیں چاہتا ۔ میں سمجھتا ہوں ہمیں سات بجے تک کام ختم کرنا ہے لہذا میں مناسب سمجھتا ہوں کہ تقریروں کے لئے ٹائم لیمٹ لگائی جائے ۔ یہ دیکھا گیا کہ بجز دو ارکان کے عام طور پر آدہ گھنٹے سے زیادہ وقت لیا گیا ۔ اگر ایسا ہی ہو تو سات بجے تک صرف دو ممبرس ڈسکشن (Discussion) کر سکینگے ۔ اگر آپ چاہتے ہوں کہ زیادہ لوگوں کو ڈسکشن کا موقع ملے تو ہر ممبر کیلئے دس منٹ کی قید لگائی جانا مناسب ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤز اس پر رضامند ہوگا ۔ امید کہ تقریر کرتے وقت آنریبل ممبر اس کا لحاظ رکھیں گے اور احتیاط کریں گے ۔

شری اننت ریڈی (بالکنڈہ) ۔ مسٹر اسپیکر، سر۔ حیدرآباد کے عوام کو کافی انتظار اور جدو جہد کے بعد عوامی حکومت کے دیکھنے کا موقع نصیب ہوا ہے۔ عوام نے یہ آشائیں پر گٹ کی تھیں کہ اسے عوامی حکومت کے زمانہ میں ہر قسم کی سہولتیں حاصل ہونگی ۔ ترقی کے راستے کھلینگے ۔ جنتا ایک ایسے دور میں داخل ہوگی جسکو صحیح طور پر ایک ولفیر اسٹیٹ کہا جا سکے ۔ لیکن افسوس ہے کہ آج جو بجٹ پیش ہوا ہے وہ صحیح طور پر عوام کی نمائندگی نہیں کرتا ۔ آنریبل ممبرس نے اس بارے میں اپنے خیالات کا

اظہار کیا ہے اور اس بارے میں کافی چرچائیں کی گئیں ۔ لیکن میں ایک چیز ہاوز کے سامنے رکھونگا ۔ موجودہ حکومت آیا کچھ کرنے کی طرف راغب ہے یا نہیں ؟ لیکن اوسنے دنیا کے سامنے اپنے عمل کے اظہار کا نیا طریقہ اختیار کیا ہے۔ میں نے اس بجٹ میں ایک چیز یہ دیکھی کہ حکومت پی ۔ ٹی ۔ آئی کو سالانہ ۳۱ ہزار روپیے دیتی ہے ۔ پی ۔ ٹی ۔ آئی یعنی پریس ٹرسٹ آف انڈیا ۔ یہ ایک نیوز ایجنسی ہے ۔ حکومت نے اس نیوز ایجنسی کو ۳۱ ہزار روپیہ کیوں مقرر کیا ہے یہ آپ لوگوں پر اچھی طرح واضح ہوناچاہئے حکومت اپنے پروپیگنڈہ کے زور سے دنیا پر واضح کرنا چاہتی ہے کہ ہم یہ یہ کرنا چاہتے ہیں ۔ لیکن در اصل کچھ نہیں کرتی ۔ اس بجٹ کے سلسلہ میں اخراجات کا جو اندازہ پیش کیا گیا ہے اس کا کافی چرچا ہوا ۔ چونکہ آنریبل اسپیکر نے ٹائم لمٹ کردیا ہے اس لئے میں تفصیل میں جانا نہیں چاہتا ۔ یہاں پولس اور دیگر چیزوں پر زیادہ خرچ کا ذکر کردیا گیا ہے اس لئے میں اس کا ذکر نہیں کرونگا ۔ صرف اگریکلچر اور اریگیشن سے متعلق کچھ کہونگا آپ سب ممبرس جانتے ہیں ہندوستان میں گذشتہ تین سال سے غذا کا مسئلہ کتنی اہمیت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ آنریبل شری پنڈت جواہر لعل نہرو گرو مورفوڈ کمپین (Grow more food campaign) اور اسی قسم کے پلان پیش کرتے آئے ۔ آپ ممبرس کو یاد ہوگا کہ سنہ ۱۹۵۱ع میں حکومت نے ایک ٹارگٹ (Target) مقرر کیا تھا جس کے متعلق یہ کہا گیا تھا کہ یہ ٹارگٹ حاصل ہوجانے کے بعد حکومت غذا کی حدتک سلف سفیشینٹ (Self-sufficient) ہو جائیگی اس کے لئے " گرو مور فوڈ کمپین " چلائی گئی ۔ لوگوں سے کہا گیا کہ وہ اپنے صحنوں میں اناج اگائیں ۔ مکان کی چھتوں پر اناج پیدا کریں ۔ گملوں میں غلہ اگائیں ۔ بہر حال کسی طرح غلہ کی پیداوار کو بڑھائیں لیکن تجربہ بتاتا ہے کہ عملی طور پر کوئی کام نہیں ہوا ۔ حکومت نے تقاوی تقسیم کی ۔ لونس (Loans) دئے ۔ بجٹ میں گنجائش رکھی گئی ۔ یہ اسکیمیں ۔ یہ لون دینے کے طریقے سونچنے کی حد تک بہتر ہیں ۔ کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان قرضوں کا کیا مصرف ہو رہا ہے ۔ یہ لونس (Loans) کہاں جارہے ہیں ۔ کوئی آئیل انجن کے لئے لون لیتا ہے کوئی ول سنکنگ (Well sinking) کے لئے لیتا ہے لیکن وہ اس رقم کو کس طرح صرف کرتا ہے اس کا علم نہیں ۔ ہماری سب سے بڑی ضرورت اکانمی (Economy) ہے۔ ان چیزوں کو حل کرنے کے لئے حکومت کو کافی غور کرنا چاہئے ۔ آنریبل ممبرس کو شاید یاد ہوگا کہ گذشتہ سال گورنمنٹ آف انڈیا کے سامنے یہ تحریک رکھی گئی تھی کہ ہمیں خوراک کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے واربیسس (War basis) پر غور کرنا چاہئے اور اسی بیسس پر بھومی سینا تیار کیجائے ۔ لیکن جو بجٹ آج ہمارے سامنے پیش ہے اس میں اگر یکلچر کیلئے ۸۷ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے جو ایسی ویگ (Vague) ہے کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس رقم سے کسطرح کام چل سکیگا ۔

ایجوکیشن صحیح معنوں میں ملک کا کیرکٹر بناتا ہے ۔ جتنی زیادہ رقم ایجوکیشن کے لئے مقرر کی جائے کم ہے ۔ ہمارے ملک میں ابتدائی اسٹیج میں تعلیم نہونے کا خیال عام ہے ۔ جہالت زیادہ ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس جہالت کو دور کرنے کے لئے

حکومت نے کیا اقدامات کئے ۔ خدا کے نام پر کہیں ایک مدرسہ کھولدیا جاتا ہے ۔ اس میں کتنے طالب علم تعلیم پاتے ہیں کوئی توجہہ نہیں کرتا ۔ میں کہونگا حکومت کو قانون کے ذریعہ اس جانب توجہ کرنی چاہئے ۔ ایجوکیشن ہی کیر کٹر بنانے میں فنڈامنٹل حیثیت رکھتا ہے ۔

یونیورسٹی ایجوکیشن کے وشئے میں بھی آج کل اخباروں میں کافی چرچائیں ہو رہی ہیں ۔ چنانچہ یونیورسٹی ایک اسٹیٹ سبجکٹ کی حیثیت رکھتی ہے ۔ دیگرممالک اور ہندوستان کی دوسری ریاستوں میں یونیورسٹی اٹانمس انسٹی ٹیوشن (Autonomous institution) مانی جاتی ہے ۔ کوئی وجہ نہیں کہ ہماری یونیورسٹی کو بھی اٹانمس حیثیت نہ دی جائے ۔

اس بجٹ میں ہم نے ایک عجیب چیز دیکھی ۔ منصب اور ماہوار کے ایٹمس پر ۲۷ لاکھ روپیے دئے جاتے ہیں ۔ فیوڈل سسٹم کے خاتمہ کے بعد بھی اسے قائم رکھنا کوئی معنی نہیں رکھتا ۔ ریاست حیدرآباد میں جتنی اہم انڈسٹریز ہیں ان میں حکومت حیدرآباد کے حصص (۵۱) فیصد ہیں لیکن افسوس کی بات ہے کہ انڈسٹریز کو ڈیولپ (Develop) کرنے کا رجحان حکومت میں نہیں ۔ جو انڈسٹری ڈیولپ ہوتی ہے حکومت اسکو ڈسکریج (Discourage) کرنے کی پالیسی پر آجاتی ہے ۔ جس انڈسٹری سے فائدہ کے امکانات ہوتے ہیں اسے دوسرے کے ہاتھوں بیچ دینا چاہتی ہے ۔ میں یہاں سرپور پیپر ملز انڈسٹری کا ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں جسکو حکومت دوسروں کے ہاتھوں بیچدینا چاہتی ہے ۔ میں یہ سوال کرونگا کہ یہ انڈسٹری دوسروں کے ہاتھوں کیوں بیچی جارہی ہے ؟ اسکے برخلاف ہماری حکومت ان انڈسٹریز کو نہیں بیچتی جن سے اس کو نقصان ہوتا ہے ۔

چونکہ وقت ختم ہو رہا ہے اس لئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری بھاؤ راؤ دگڑو راؤ دیشمکھ (بھوکردن ۔ عام) ۔ مسٹر اسپیکر، سر ۔ آج کا دن حیدرآباد کی تاریخ میں سیاسی اور معاشی نقطہ نظر سے واقعی اہمیت کا حامل ہے ۔ جو بجٹ پیش کیا گیا ہے اس کو نہ صرف حکومت کے نقطہ نظر سے جانچنا ہے بلکہ اس بجٹ کو دیکھتے وقت ہمکو اپنے سامنے عوام کی صد ہا سال کی آرزوئیں، رجحانات اور منصوبے بھی رکھنے چاہئیں ۔ ہم دو صدیوں سے ہی نہیں بلکہ کئی صدیوں سے حیدرآباد کی زندگی میں اس زرین موقع کے منتظر تھے جس کے لئے کافی جد و جہد کی گئی ۔ حیدرآباد کی سر زمین پر عوام کی حکومت بن گئی ۔ اس وقت عوام کے اپنے مسائل جو سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں وہ روٹی ۔ کپڑا اور تعلیم ہیں ۔ امید تھی کہ ان مسائل کو حکومت اہمیت دے گی اور پہلے حل کرے گی ۔ ان ہی خیالات اور وعدوں کی روشنی میں آج ہم اس بجٹ کے متعلق غور کرتے ہیں ۔ ہمارے لائق دوست آنریبل ممبر نے فرمایا کہ اس بجٹ پر غور کرتے وقت حیدر آباد کے ان نازک حالات کو بھی پیش نظر رکھنا چاہئے جن سے وہ گزر رہا ہے ۔ ہم ان وچاروں سے متفق ہیں ۔ لیکن میں ادباً

یہ عرض کرونگا کہ ایک زمانہ سے ہم سامراجی اور جاگیردارانہ طرز کا بجٹ بناتے آرہے ہیں ۔ لیکن اس بجٹ کے خد و خال کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ویسا ہی بجٹ ہے جو دس پندرہ سال سے حیدرآباد میں بنتا آرہا ہے ۔ ہم یہ توقع نہیں کرسکتے کہ پولیس کے لئے زیادہ رقم رکھدینے سے جنتا کو بہت سکھ پہنچ جائیگا ۔ اس ایٹم میں زیادہ رقم رکھنے سے یہ بجٹ عوامی بجٹ نہیں بن سکتا ۔ عوامی بجٹ تو وہ ہے جو عوام کے بنیادی اور ابتدائی مسائل کے حل کے لئے ضروری راستہ پیدا کرے ۔ آنریبل منسٹر نے اس بجٹ کو پیش کرتے ہوئے یہ فرمایا کہ ہمیں اکانمی (Economy) کو پیش نظر رکھنا چاہئیے ۔ ہمارے پارٹی لیڈر نے بھی ان عوامی مسائل کی طرف متوجہ کیا ہے کہ کسطرح انہیں حل کرنا چاہئیے ۔ لیکن اس بجٹ میں جاگیر داروں کی تنخواہیں نظام کی تنخواہ اور پولس کے بڑھے ہوئے اخراجات ہیں جو اس کو پولس بجٹ بناتے ہیں ۔ آنریبل ممبر نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ ہم جاگیرداروں کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں ۔ ہم بھی ان خیالات سے متفق ہیں لیکن ہم یہ چاہتے ہیں کہ جاگیردار بھی بحیثیت انسان مساوی حیثیت سے زندہ رہیں ۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے خزانوں میں لاکھوں اور کروڑوں کی دولت بند ہے ۔ یہ وہ رقم ہے جسکو انہوں نے عوام کا خون چوس کر ، انکی محنت اور گاڑھی کمائی سے حاصل کئے ہوئے صلہ کو چھین کر اپنے خزانوں میں بند کرلیا ہے اور اب بھی انکے سرمائے میں لاکھوں اور کروڑوں روپیوں کا اضافہ کیا جا رہا ہے ۔ انہیں بھی ہماری طرح زندگی گذارنے کے مواقع ہیں ۔ ہم خود معاشی مسائل سے دو چار ہیں پھر بھی انہیں مزید تقویت پہنچائی جا رہی ہے ۔ اس رقم کو عوام کے مسائل پر صرف کریں اور انکو بھی بحیثیت انسان اسی طرح زندگی گذارنے کا موقع دیں تاکہ وہ بھی اپنے آپ کو سماج کے لئے کار آمد ثابت کرسکیں تو یہ سب کے لئے بہتر ہوگا ۔ اگر کسی جاگیر دار صاحب یا نواب صاحب کو انکی جاگیر کا معاوضہ نہ دیا جائے تو میں نہیں سمجھتا کہ وہ بھوکے مرجائینگے ۔ وہ اب بھی کافی رقم رکھتے ہیں ۔ ممکن ہے کہ ان میں سے بعض حقیقت میں ضرورت مند ہوں لیکن ہم اپنے بجٹ میں ان کے لئے تنخواہیں ۔ پنشن اور ضرورت سے زیادہ پولیس رکھکر اپنے بجٹ کو پولیس بجٹ نہیں بناسکتے ۔ بجٹ میں غلہ کے مسئلہ کو جو عوام کا سب سے اہم مسئلہ ہے ترجیحی درجہ دیں تو مناسب ہوگا ۔ اگر ہم یہ مطالبہ ھاؤز کے سامنے پیش کریں تو ہرگز اس کے یہ معنی نہ لئے جائیں کہ ہم برسراقتدار پارٹی پر محض اعتراض کرنا چاہتے ہیں ۔ آنریبل ممبر نے یہ فرمایا کہ جاگیر داروں کو معاوضہ کانسٹی ٹیوشن کے لحاظ سے دیاجارہا ہے ۔ اسی کانسٹی ٹیوشن کے تحت عوام کا لاکھوں کروڑوں روپیہ دیدیا جا رہا ہے ۔ مگر میں یہ کہونگا کہ جس کانسٹی ٹیوشن کا حوالہ دیا جا رہا ہے وہ عوام کے حقیقی نمائندوں کا بنایا ہوا نہیں ہے ۔ خیر یہ کانسٹی ٹیوشن پر تنقید کرنے کا موقع نہیں لیکن میں اس قدر ضرور عرض کرونگا کہ اس وقت جو بجٹ پیش کیا جا رہا ہے وہ عارضی بجٹ ہے ۔ آنے والا بجٹ کیسا رہے گا معلوم نہیں ۔ مگر میں ادباً عرض کرونگا کہ آنے والے بجٹ کا نقشہ اب بھی ہمارے سامنے موجود ہے ۔ یہ ظاہر ہے کہ اس بجٹ سے اس بجٹ

کا تسلسل ضرور ہے ۔ جو مدات اس بجٹ میں موجود ہیں وہ اس بجٹ میں بھی مستقل طور پر رہینگے ۔ لہذا میں یہ عرض کرونگا کہ اس بجٹ کو بنیادی طور پر تبدیل کرنا ضروری ہے ۔ اگر ہم نے اس میں بنیادی تبدیلی نہ کی تو جو وعدے ہم نے عوام کے سامنے صدھا سال سے کئے ہیں وہ پورے نہونگے ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ اگر فینانس ممبر اس بجٹ پر نظر ثانی کر کے عوام کے زیادہ سے زیادہ مسائل حل کرنے کی کوشش کریں تو بہتر ہوگا ۔

دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ پیس اینڈ آرڈر (Peace and Order) کے لئے پولیس پرصرف کرنا ضروری ہے لیکن افسوس ہے کہ اس کا صحیح استعمال نہیں ہو رہا ہے ۔ عوام کے مسائل حل کرنے کا صحیح طریقہ یہ نہیں کہ پولیس اور فوج میں اضافہ کردیا جائے ۔ تلنگانے میں پیس اینڈ آرڈر کے نام پر ہزاروں روپیہ پولیس اور فوج پر صرف کرنے کی بجائے بہتر یہ ہے کہ تلنگانے میں کسانوں کو زمین دیجائے ۔ اس سلسلہ میں ہندوستان کی بڑی بڑی ہستیوں جیسے سندر لعل جی اور ونوبا جی بھاوے کے خیالات آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں جن کا اظہار انہوں نے تلنگانے کے دورے کے بعد کیا ۔ پیس اینڈ آرڈر پولیس اسٹابلشمنٹ (Police establishment) سے حاصل نہیں ہوسکتا ۔ بلکہ ان مسا ئل کو حل کرنے کےلئے ایسے طریقے اختیار کرنے چاہئیں جن سے عوام کا رجحان بدلے ۔

شری داور حسین (نظام آباد) ۔ مسٹر اسپیکر ، سر ۔ آج بجٹ کے تعلق سے جو مسائل ہمارے سامنے پیش ہوئے ہیں انہیں سننے کے بعد فلسفے کا یہ پرانا مسئلہ ہمارے سامنے آ جاتا ہے کہ " مرغی پہلے تھی یا انڈا پہلے " ۔ جتنے مسائل پیش ہوے ہیں ان کا کوئی حل تلاش نہیں کیا گیا ۔ ایک طرف سے یہ بیان کیا جاتا ہے کہ زمین کا مسئلہ حل نہیں ہوا اس لئے عوام میں تشدد اور دہشت کا دور دورہ ہے اور دوسری طرف سے یہ جواب دیا جاتا ہے کہ عوام کے تشدد کی وجہ سے پولیس کے اخراجات میں اضافے کی ضرورت ہوئی ۔ لیکن میں یہ کہونگا کہ مسئلہ کے صحیح حل کی تلاش کےلئے ایک حق شناس کی حیثیت سے جملہ امور پر غور کرنا چاہئیے ۔ میں اپنی تقریر کی ابتدا ہی میں یہ واضح کردینا مناسب سمجھتا ہوں کہ ہاؤز کی دوسری جانب جو آنریبل ممبرس موجود ہیں وہ بھی حب الوطنی اور عوام کی خدمت کا اتنا ہی جذبہ رکھتے ہیں جتنا اس جانب کے ۔ یہ اور بات ہے کہ مسائل کے سوچنے کے ڈھنگ میں اختلاف ہو ۔ یہ کوئی عجیب بات نہیں ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ دو انسان ہوتے ہیں وہ ہوتے تو انسان ہی ہیں لیکن انکے آنکھ، کان، ناک اور دوسرے اعضاء میں یکسانیت نہیں ہوتی ۔ اسی طرح سب کا سوچنے کا ڈھنگ یکساں نہیں ہوتا ۔ لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کیا جاسکتا کہ خلوص ، محبت اور خدمت کے جذبات دونوں میں پائے جاتے ہیں ۔ اگر اس بات کو پیش نظر رکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ پر آنریبل ممبرس میں زیادہ اختلافات نہ ہونگے ۔ میں شخصی طور پر اس بجٹ کے متعلق بہت سے اعتراضات رکھتا ہوں اور میں اپنی تقریر کے آخر میں آنریبل فینانس منسٹر سے خواہش کرونگا کہ وہ آئندہ بجٹ میں

ان کو پیش نظر رکھیں - میں ھاؤز کے اوس جانب کے ارکان سے یہ استدعا کرتا ہوں کہ وہ اس جانب کے ارکان کے جذبہ حب وطنی پر محض اس وجہ سے شبہ نہ کریں کہ وہ ھاؤز کے اس خاص جانب بیٹھے ہوئے ھیں - میں یہ بھی کہونگا کہ یہ تصور صحیح نہیں کہ صرف اوس طرف کے آنریبل ارکان ھی عوام کے صحیح نمائندوں کی حیثیت سے منتخب ھو کر یہاں آئے ھیں اور اسطرف جو آنریبل ممبرس بیٹھے ہوئے ھیں وہ سب جاگیر دار یا دولتمند ھیں - یہ ظاھر ھے کہ جب تک ہم اس طرف کے ارکان بھی محنت اور جدوجہد نہ کریں ہمارے منھہ تک روٹی کا ٹکڑا بھی نہیں آتا - آج ہم میں سے کوئی ایسا نہیں ھے جو محنت نہ کرتا ھو - جب تک کہ روز محنت نہ کریں روزی نہیں ملتی - ہم بھی عوام ھیں - عوام کی مشکلات کو کس طرح حل کرنا چاھئے یہ ہمارے بھی پیش نظر ھے - میں آنریبل فینانس منسٹر سے درخواست کرونگا کہ زمینداری کا مسئلہ ایک حل طلب مسئلہ ھے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا - جاگیرات اور صرف خاص کے انضمام اور فوج میں تخفیف کی وجہ سے بیروزگاری بہت زیادہ ھو گئی ھے - ان سب بیروزگاروں کے لئے روزگار فراہم کرنا یہ وقت کا سب سے اھم مسئلہ ھے - ظاھر ھے اس عوامی مسئلہ کو خود عوامی حکومت حل کریگی - لیکن جیسا کہ اس سے پیشتر کہا گیا ھے آنے والا کل آج سے سمبندھ رکھتا ھے - اس میں شک نہیں کہ بجٹ میں اچھائیاں بھی ھیں اور برائیاں بھی - آئندہ بجٹ میں اسکو پیش نظر رکھا جانا چاھئیے کہ اس میں جو اچھائیاں ھیں وہ رھیں اور برائیاں نکال دیجائیں - یہی چیز ہمارے ذمہ دار ارباب کے پیش نظر رھے - اس وقت بجٹ میں جو خرابیاں ھیں انکا ذمہ دار ان وزرا کو قرار نہیں دیا جاسکتا جو اس سے پہلی کابینہ میں موجود تھے - مجھے بھی عوامی نمائندے کی حیثیت سے ان آنریبل وزرا سے ملنے کا اتفاق ھوا - انہوں نے یہ بتایا کہ وہ کابینہ میں نئے ھیں - انہیں ابھی پوری طرح کام کرنے کا موقع نہیں ملا ھے - ملک کو پراسپیرس (Prosperous) بنانے کی وہ حتی الامکان کوشش ضرور کررھے ھیں - ظاھر ھے کہ وہ عوام ھی کے نمائندے ھیں - عوام کے سامنے جوابدہ ھیں - ھمیں ان باتوں کو پیش نظر رکھکر حالات کو جانچنا چاھئے - بہر حال ہمارے سامنے اس وقت جو بجٹ آیا ھے وہ " کام چلاؤ " بجٹ ھے - اب ھمیں آنریبل فینانس منسٹر سے یہ خواھش کرنا ھے کہ وہ آئندہ بجٹ مرتب کرتے وقت عوام کی تمناؤں اور ضروریات کو پیش نظر رکھیں - خواہ یہ رجحانات اوس جانب کی بنچز سے ظاھر کئے ھوئے ھوں یا اس جانب کی بنچز سے - کفایت شعاری کو خاص طور پر ملحوظ رکھنا ضروری ھے - کفایت شعاری کے لئے اس وقت کی حکومت نے ایک کمیٹی بنائی تھی جس نے اپنی سفارشات بھی پیش کی تھیں - ہمارے ذھنوں میں بھی یہ سفارشات ھیں - اس وقت جو خرابیاں ھیں انکی بآسانی اصلاح کی جاسکتی ھے - لیکن ان مسائل پر اس وقت تفصیل سے بحث کی جاسکے گی جبکہ تفصیلی بجٹ پیش ھوگا - اگر عوامی مسائل کے تعلق سے کوئی مناسب حل پیش کیا جائے تو اس پر یقیناً سب کو غور کرنے کا موقع حاصل رھیگا -

ان چند خیالات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں -

The Hon'ble Shri V. B. Raju (Labour and Rehabilitation Minister) :

Mr. Speaker, Sir, it is a very good day that the Members on this side had the opportunity to hear from the Hon'ble Members of Opposition a consistent demand for peace, progress and economy. I wish they carry this message even outside the atmosphere of this House. The concrete propositions that the Hon'ble Members of Opposition have placed are :

(*i*) The heavy expenditure on police ;

(*ii*) The payment to jagirdars as compensation ; and

(*iii*) The compensation to the Nizam towards Sarf-e-Khas. No doubt these are items which need very deep consideration and I do not know whether the criticism is levelled against the Congress Party as such or the new Government that has taken charge or the predecessor Government or the Government of India. It is not quite clear, but as my Hon'ble friend suggests, it may be against all. It may be so, but I view that the Hon'ble Members of Opposition also have a share in the building up of the political life that we see today, and also in the building up of democracy for tomorrow. There are many details which should be taken into consideration before we come to right conclusions. So, I would not like to go into the merits or demerits of the decisions taken in regard particularly to the two items, namely, the compensation to the jagirdars and also the compensation to the Nizam towards Sarf-e-Khas, but I would like to say something about the police expenditure because more than one Hon'ble Member has said that the representatives of the Congress were present in the predecessor Government and the party has a responsibility to answer this question. We do take the responsibility, but I would like to remind the Hon'ble Members of Opposition that one among them had rightly said that though the Congress Party may not be able to implement all its policies and programme, at least a direction could have been given, an approach could have been made towards fulfilment. If this Budget is examined and compared with the actuals or the revised estimates of previous years, they will definitely find that there is a very determined approach in that direction. But, the point at dispute is the quantum. I do agree that in the atmosphere we are placed in or with the limitations that we have, we could not do much. We had admitted that. So, some sort of sympathy and some sort of co-operation is necessary from the political parties in the country. I am sure of the co-operation of the Hon'ble Members in this House, but the Government needs the co-operation and sympathy of the political parties in the field. Some Hon'ble Members have tried to criticise

this Budget as though meaning it to be a blue-print for the economic development of the country. It is after all a financial statement for the year. Everybody raises the question of land problem or unemployment or industrialisation. These are covered by a definite plan. Hon'ble Members will have an opportunity to criticise the plan at the appropriate moment and their suggestions will definitely be taken into consideration. The Budget in its limited scope gives an idea about the expenditure contemplated by different departments and if the Hon'ble Members will examine the different heads in detail, when the time comes, they will definitely find that the Budget has an agriculturist bias. It is not only a few lakhs on Agriculture Department, but provision has been made for minor irrigation, as one Hon'ble Member has already pointed out, we have also to examine the capital Budget. In the capital Budget, one will find that more than 5 crores of rupees are going to be spent on irrigation and water resources which benefit the Agriculturists. Thus, an amount to the tune of nearly 8 crores of rupees is going to be expended on the betterment and improvement of the conditions of Agriculturists.

Secondly, some Hon'ble Members have criticised 'customs'. It is no use asking the Government to spend more on public health, education and social services, when it is demanded to abolish all taxation.

I am very glad that the Hon'ble Members have taken to the Gandhian way and outlook. The Leader of the Opposition has been good enough to suggest that the primary schools should be held under a tree.

Let us be realistic in balancing expenditure and income. I hope the Hon'ble Members know the taxation structure and our finances here. You will find that taxation mainly on excise—eleven crores and odd—comes to one-third of the Budget ; then customs and then land revenue. The Hon'ble Members would not like enhancing the land revenue and they put a positive demand for abolition of customs without agreeing to an alternative revenue like Sales Tax. There is opposition for Sales Tax and I would have been glad if there had been a concrete suggestion about taxation policies. The Government are also anxious that the taxation should be indirect and not direct. Had there been any other resources of getting some profits from State-managed industries or enterprises, there would not have been any necessity to resort to taxation. These details can not be covered in the few minutes at my disposal, but I would like to emphasise that there must be concrete proposals for taxation and for getting revenue to the

State for being expended on development programmes. The Congress Party and its representatives in the Government do believe that it cannot be a welfare State unless the police expenditure has been brought to the minimum. An approach has a ready been made and I do not like any further mud slinging on that matter. It is a matter that has been thrashed out or discussed from various angles and the Government are aware of its implications and I would be very glad and obliged to the Hon'ble Members if they could suggest concrete proposals in taxation policy.

In the matter of education, I could say that the Government had already committed to primary education, *i.e.*, opening a school in every village.

In the implementation of the Five-Year Plan, a sum of I. G. Rs. 40 or 50 crores is going to be spent, mostly on development and social services.

Another item on which I want to throw light is the man-power. Where is the public co-operation in this ? Political parties, instead of vilifying the Government, could have organised the man-power through their functions and those functional units could have been taken advantage of. Mere political approach for the organization of the people under political slogans is not going to bring about anything. Today the Congress Party is in Government ; tomorrow some other party may be here. If a precedent is to be established that merely a political approach should be made and Government vilified from a political angle matters will not improve. There should be a definite approach, a constructive approach in not arousing the people to become politically antagonistic to the Government, but in creating a desire and an urge for a better standard of life and new methods in production. The Government has its plan. It is laid on the table. It can improve if better sources of revenue can be found out and this could be done very easily. But, the problem today is the psychology of the people or the desire of the people to co-operate with the Government in the implementation of the Plan. So, in a general manner, these are the broad outlines, I am trying to place without going much into the details. Today, the probelm for the Government, whichever, party may be in office, is to ensure freedom to the individual, by protecting democracy. If better standards of living are to be achieved, it is the organization of the people not merely on political lines, but on functional lines, that is needed. In this regard, I hope the political parties today who stand opposed to the party-in-Government would consider this aspect and would give suggestions to the Government. All the

points that have been raised by the Hon'ble Members of Opposition are quite relevant and need consideration and the Hon'ble the Finance Minister has already said that this Government, i.e. the present Government, had not time to consider the proposals that were made by the predecessor Government and the Hon'ble Members will appreciate that the predecessor Government did not like to commit itself to any new approach and it kept the doors open for the new Government to do all. I wanted to make this clear because I happened to be a Member of the predecessor Government and in clearing this point, I assure that the Government are quite alive to the points raised by the Hon'ble Members of Opposition.

شری کٹه رام ریڈی (نلگنڈہ - عام) - مسٹر اسپیکر، سر - آج جو بجٹ معرض بحث میں ہے جہاں تک ٹکزیشن (Taxation) کا تعلق ہے اسکو بعض لوگ عارضی تین مہینے کا بجٹ سمجھتے ہیں اور بعض اصحاب نے اسکو اپنا پولیٹیکل پوائنٹ آف ویو (Political point of view) سمجھا لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حیدر آباد کی آزادی حاصل ہونے کے بعد اڈلٹ فرنیچائیز (Adult franchise) کی بیسس پر حکومت قائم ہوئی اس کا یہ پہلا بجٹ ہے جو ہمارے سامنے آیا ہے - اس بجٹ پر غور کرتے وقت ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ پہلے بجٹ میں کیا تھا اور عوامی نمائندوں نے اپنے فرض کے لحاظ سے بجٹ کو کس حد تک عوامی بنایا - میں اس بارے میں معزز ممبرس کے سامنے اس ریکارڈ کو لانا چاہتا ہوں جو سنہ ۱۳۴۵ف سے سنہ ۱۳۶۱ف کے موازنوں میں پایا جاتا ہے - سنہ ۴۵ف سے اس وقت تک ہماری یہ کوشش رہی کہ ایسی حکومت کو جڑ سے اکھیڑ کر عوام کی حکومت قائم کیجائے اور موازنہ کی رقوم عوام کے نقطۂ نظر سے خرچ کیجائیں - حکومت نظام کے خلاف سنہ ۵۵ف میں جو جد وجہد شروع ہوئی وہ سنہ ۵۷ف میں ختم ہوئی - اس کے بعد ملٹری گورنمنٹ قائم ہوئی اور اس حکومت کے ختم ہونے کے بعد ولوڈی اڈمنسٹریشن برسرکار آیا - اس نے ۶ - مارچ سنہ ۱۹۵۲ع کو پبلک کے نمائندوں کے ہاتھوں حیدرآباد کی حکومت سونپی - عوامی حکومت کی جانب سے اس وقت جو بجٹ پیش ہوا ہے اس کی نسبت میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہمارے عوام کی روزانہ کمائی کا اوسط آٹھ آنے - چھ آنے اور چار آنے ہے - ہمکو بجٹ بناتے وقت اسے نہ بھولنا چاہئیے - عوام کے صحیح مطالبوں کو کسی پولیٹیکل پوائینٹ آف ویو کے تحت لا کر دبا دینا صحیح طریقہ نہیں ہے - عوام کے جائز مطالبات کو پورا کرنا عوامی حکومت کا فرض ہے - لیکن آج ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جو بجٹ پیش ہوا ہے وہ سنہ ۴۵ف کے فیوڈل موازنہ سے مختلف نہیں - سنہ ۵۰ و ۵۱ع کے موازنے پر نظر کریں تو معلوم ہوگا کہ غیر معمولی حالات میں غیر معمولی موازنہ بنانا پڑا ہے - جمہوری اصول پر کوئی موازنہ تیار نہیں ہوا - سنہ ۵۱ و ۵۲ کے ساتھ مقابلہ کرنا لاحاصل ہے - جیسا کہ اس سے پہلے کہا گیا ہے موازنہ کی ترتیب کے وقت مختلف اکنامک پارٹیز اور پولیٹیکل پارٹیز سے مشورہ کیا جانا مناسب ہے - صرف یہ کہدینا مناسب نہیں کہ موازنہ پیش ہے اس کو منظور کرلیا جائے -

موازنہ کو لیجسلیچر (Legislature) میں لانے کا مطلب ھی یہ ھے کہ اس کے ھر ایٹم کو اچھی طرح جانچا جائے - سنہ ۴۰ ف کے بعد سے مالگزاری کے ایٹم میں کتنا اضافہ ھوا وہ جائز ھے یا نہیں غور کرنا چاھئیے - اس لئے میں عرض کرونگا کہ موازنہ کو دیکھنے سے سنہ ۵۱ - ۵۲ کا موازنہ سنہ ۴۰ ف کے فیوڈل موازنہ کے مطابق معلوم ھوتا ھے۔ عوامی حکومت کا دعوی تو کیا جاتا ھے لیکن وہ عمل جو عوامی حکومت کا ھونا چاھئیے نہیں ھے - کیا ایسی ھی عوامی رھنمائی کے لئے ھم یہاں آئے ھیں - ھم عوام کو یقین دلاتے ھیں کہ ان کا جو پیسہ صرف ھورھا ھے وہ صحیح طور پر ھورھا ھے۔ میں عرض کرونگا کہ پبلک کے پیسہ کا صحیح مصرف معلوم کرنے کے لئے آنریبل فینانس منسٹر کو چاھئیے کہ ایک سلکٹ کمیٹی قائم کریں اور اس کی مدد سے بجٹ تیار کیا جائے - اس بجٹ کو بعض اصحاب تین مہینے کا خیال کررھے ھیں اور بعض پورے سال کا - بہر حال اس میں جو ایٹمس ھیں وہ وھی ھیں جو پچھلے سالوں کے بجٹ میں تھے - ایسے بجٹ پہلے بھی بڑی بڑی پیلی کتابوں میں چھپ کر آتے تھے - اس لحاظ سے میں عرض کرونگا کہ پبلک کا مفاد پارٹی بیسس (Party basis) پر نہیں ھے - ھر شخص کا حق ھے کہ وہ جو ٹیکس ادا کرتا ھے حکومت سے اس کا معاوضہ طلب کرے - ھمارے فینانس منسٹر نے فرمایا کہ ٹیکسس میں اضافہ کیا جارھا ھے - بہت سے معزز ممبروں نے کہا کہ ٹیکسس میں اضافہ نہ ھونا چاھئیے اور بہت سے ممبرس خاموش بھی رھے - میں سیلس ٹکس (Sales Tax) سے متعلق کہونگا کہ بعض وقت یہ چیز کی اصلی قیمت سے بڑھجاتا ھے جس کا اثر غریبوں ھی پر پڑتا ھے۔ حکومت کی جانب سے جو بھی ٹکس عائد کیا گیا ھے اس سے غریب ھی متاثر ھوتے ھیں امیر نہیں - یہ موازنہ جاگیرداروں کا ھے - منسٹروں کا ھے - یہ چیز میں منسٹروں کے ملاحظ میں لانا چاھتا ھوں کہ نیشن بلڈنگ ورکس (Nation-building works) کے لئے بھی کافی روپیہ مہیا نہیں کیا گیا ھے۔

بعض اصحاب نے پولیٹیکل پوائینٹ آف ویو کو معرض بحث میں لایا۔ یہ حقیقت ھے کہ تلنگانہ میں ھر (۵) میل پر پولس کا ایک تھانہ ھے لیکن مدرسہ نظر نہ آئیگا - دواخانہ نظر نہ آئیگا - مجھے اعتراض کی فضاء پیدا کرنا منظور نہیں ھے لیکن میں چونکہ پبلک کا نمائندہ ھوں اس لئے کہونگا کہ بہت سے ممبرس پبلک حالات سے صحیح طور پر واقف نہیں ھیں صرف اخباری خبروں سے متاثر ھیں - صحیح واقعہ یہ ھے کہ غریب رعایا فیوڈل سسٹم کے خاتمہ کے لئے جدو جہد کر رھی ھے - اس کے متعلق یہ کہنا کہ حزب مخالف کے لوگ گولیاں چلاتے ھیں - یہ کرتے ھیں - وہ کرتے ھیں - یہ تنقید کا کوئی صحیح طریقہ نہیں ھے - حقیقی واقعات معرض بحث میں لائے جائیں تو البتہ درست ھو سکتا ھے -

شری جے رام ریڈی (نرسا پور) - مسٹر اسپیکر ، سر - اس وقت تک بجٹ پر بہت کچھ چرچائیں ھوئی ھیں - خاص طور پر اپوزیشن کی جانب سے اس کے متعلق بہت کچھ کہا گیا - میں یہ کہونگا کہ اگر اپوزیشن کی حکومت ھوتی اور یہ بجٹ اس کی جانب سے پیش کیا جاتا تو اس کے مقابلہ میں جو پارٹی ھوتی وہ بھی شد و مد کے ساتھ ایسے ھی اعتراضات کرتی

کہا گیا کہ پولس پر جو خرچ کیا جارہا ہے وہ زیادہ ہے۔ میں بھی اس سے متفق ہوں لیکن ہمیں اس بات پر غور کرنا چاہئیے کہ اس مد میں زیادہ رقم رکھنے کی آخر کیوں ضرورت پیش آئی - ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہئیے کہ اس مد میں معتدبہ رقم رکھنے کی کیوں ضرورت پیش آئی - بہت سے ممبروں نے اس پر اظہار خیال کیا اور یہ کہا کہ بدامنی کے حالات اب بڑی حد تک کم ہو چکے ہیں - چونکہ ہم یہاں ذمہ داری کے ساتھ آئے ہیں اس لئے معزز ممبروں سے میں یہ عرض کرونگا کہ اب بھی بدامنی کے واقعات جاری ہیں - چنانچہ میں یہاں میدک ، وقارآباد اور سنگاریڈی کا ذکر کرونگا - جہاں بدامنی ہے اورلوگ کمیونسٹ کہکر راتوں میں آتے ہیں - ہتیار کے زور پر چندے وصول کرتے ہیں جو نہیں دیتا ہے اس کو زد و کوب کیا جاتا ہے۔ ہاں میں یہ کہونگا کہ اب تک کوئی قتل تو نہیں ہوا مگر ایک دہشت پھیلی ہوئی ہے۔ اب لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہماری حفاظت کے لئے پولس کی مدد دیجائے زندگی میں امن و چین نصیب نہیں ہے۔ دن میں ایک سرکار راج کرتی ہے اور رات میں ایک سرکار - آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ دہشت انگیزی ختم ہو گئی ہے پولس پر زیادہ خرچ نہ کیا جائے - میں یہ عرض کرونگا کہ بعض جگہ بد امنی نہیں ہے لیکن اکثر مقامات پر اب بھی بد امنی ہے - میں نہیں جانتا کہ ان حالات کو پیدا کرنے والے کمیونسٹ ہیں یا کوئی اور - خدا جانے - میں نہیں جانتا - جو لوگ اپنے آپ کو کمیونسٹ کہتے ہیں انہیں چاہئیے کہ وہ گاؤں گاؤں جائیں اور سب ملکر اس قسم کی بد امنی پھیلانے والوں کو پکڑیں - اگر ایسی کوشش کیجائے تو واقعی پر امن حالات پیدا ہو سکتے ہیں - جب تک بد امنی باقی رہے پولس کا رکھنا ضروری ہے۔ پولس ایکشن سے قبل پولیس پر ۷ - ۸ کروڑ جو خرچ ہوتا تھا اب تو اتنا نہیں ہے لیکن میں کہونگا کہ موجودہ رقم بھی زیادہ ہے۔ اگر ایسے حالات پیدا ہو جائیں جو اطمینان بخش ہوں تو اس میں اور کمی کیجاسکتی ہے -

بعض اراکین اس پر زور دے رہے ہیں کہ اراضی کے تعلق سے کوئی اصلاح نہیں ہوئی یہ حقیقت سے دور ہے۔ نہ صرف موجودہ حکومت بلکہ پچھلی حکومت نے بھی قانون انتقال اراضی - ٹیننسی ایکٹ (Tenancy Act) اور زراعت کے امدادی قانون نافذ کئے اس کے بعد کئی ہزار آسامیوں کو ایسی اراضیات پر مستقل حقوق دیئے گئے جن کے متعلق ان کے اور مقطعہ دار و جاگیردار کے درمیان نزاع تھی - بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اراضیات کی تقسیم کے سلسلہ میں نزاعات پیدا ہوتے ہیں مگر میں یہ کہونگا کہ جہاں ایسے نزاعات نہیں ہیں وہاں بدامنی کیوں پھیلائی جارہی ہے۔ وقار آباد - نرساپور اور سنگاریڈی میں جاگیردار نہیں ہیں - پھر کس وجہ سے وہاں بدامنی پھیلائی جارہی ہے۔ چند ہی روز کا واقعہ ہے کہ وقار آباد میں بڑی قتل و غارت گری اور بدامنی ہوئی - نلگنڈہ میں اراضیات چھین لئے گئے - ملک کے ہر گوشہ میں قتل ہوئے حال کا واقعہ ہے کہ کناپور تعلقہ سنگاریڈی میں (۵۰۰) روپیہ حاصل کئے گئے ہیں۔ یہ کیا ہورہا ہے؟ یہ کیوں ہورہا ہے؟ کیا اس کے لئے پولس کی ضرورت نہوگی ؟ جب تک امن قائم نہ ہوگا یقینا پولس کی ضرورت ہوگی -

آنریبل ممبرس کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جاگیرداروں کو جو
معاوضہ دیا جارہا ہے اس پر اعتراضات کئے گئے ہیں لیکن جیسا کہ آنریبل ممبر شری
نرسنگ راؤ نے کہا کہ یہ چیز کانسٹی ٹیوشن میں داخل ہے کہ جب کوئی جائیداد لی جائے
تو معاوضہ ادا کرکے لیجائے - اس اصول میں تبدیلی نہیں ہو سکتی - یہ ممکن ہے کہ
جس کی جائیداد زیادہ ہو اسے اس کی جائیداد کے لحاظ سے کم معاوضہ دیا جائے اور
کم جائیداد والے کو اس کی بہ نسبت زیادہ معاوضہ دیا جائے - بہر حال اس کو ملحوظ
رکھنا چاہئیے کہ سب زندگی بسر کر سکیں - سب کو جینے کا حق حاصل رہے -

اس کے بعد میں، اگریکلچر اور اریگیشن کے تعلق سے جو رقومات مختص کی گئی ہیں
ان کی نسبت کچھ عرض کرونگا - جیسا کہ بعض ممبرس نے فرمایا کہ یہ رقومات حالات کے
لحاظ سے واقعی بہت کم ہیں اس میں اضافہ کرنا چاہئیے - ہمیں یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ
موجودہ حکومت ابھی ابھی آئی ہے پورے حالات اس کے قابو میں نہیں آئے ہیں - توقع
ہے کہ اگریکلچر اور اریگیشن کے لئے فینانس منسٹر آئندہ بجٹ میں کافی رقوم مختص کرینگے
یہ چونکہ عارضی بجٹ ہے اس لئے ہم کو اس پر زیادہ اعتراض نہ کرنا چاہئیے اور توقع
رکھنی چاہئیے کہ جب مستقل بجٹ پیش ہوگا تو ضروری مدات کے لئے زیادہ سے زیادہ
رقم مہیا کیجائے گی - وہ بھی ملک کی بھلائی چاہتے ہیں - ان کو موقع دینا چاہئیے -
یہ الفاظ کہتے ہوئے میں آپ سے رخصت ہوتا ہوں -

The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao (Chief Minister) : Mr. Speaker, Sir, I just wanted to get an indication as to whether the motion for vote-on-account is to be moved now or after the debate is wound up. I find that some of the Hon'ble Members on both sides of the House are still eager to express their opinions and the general debate on the Budget is not yet over. If you declare, Sir, that the general discussion on the Budget is over, it will have to be decided by you whether the vote-on-account motion will be placed before the House just now without giving an opportunity either to the Hon'ble the Finance Minister or to me to wind up the debate or this will be postponed for day-after tomorrow.

I would like to know from you, Sir, the exact procedure.

مسٹر اسپیکر - میں نے اس سے پہلے کہدیا کہ (۷) بجے یہ مباحث ختم ہو جائینگے
ووٹ آن اکاؤنٹ (Vote-on-account) کے موشن کے سلسلہ میں بحث جاری
رہے گی - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل فینانس منسٹر بلا کسی تقریر کے اپنا ووٹ آف موشن
پیش کرینگے - دوسرے آنریبل ممبرس کو یہ موقع رہیگا کہ وہ امنڈمنٹس (Amendments)
پیش کریں - کل تعطیل ہے - پرسوں ۱۲ بجے تک پیش کرسکتے ہیں - ۲۷ - تاریخ کو
کونسل آف اسٹیٹ کے الکشن ہونگے - ووٹنگ کا وقت چونکہ ۹ بجے سے ہے اس لئے

(۵ے ۱) ارکان کو ووٹ دینے کا موقع ملیگا - کل شام کو بجٹ پیش ہوگا - اس پر غور کرنے ، امنڈ منٹ پیش کرنے اور موشن پر بحث کرنے کا دوسرے ارکان کو بھی موقع ملیگا البتہ ایک چیز پیش نظر رکھنی چاھئے کہ جن لوگوں کو کافی بحث کا موقع مل گیا ھے (میں انہیں روکنا تو نہیں چاھتا) انہیں دوسرے ممبروں کا خیال رکھتے ہوے وقت لینا چاھئیے ۲۸ - مارچ ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کی تاریخ رکھی گئی ھے - اس روز حیدر آباد میں گزٹ ھالی ڈے ھے (Gazette Holiday) چونکہ کام کچھ زیادہ نہیں ھے اس لئے ری پولنگ (Re-polling) کے لئے دو گھنٹہ کا وقت کافی ھوجائےگا ۲۸ - تاریخ کو ۱۰ سے ۱۲ بجے تک یا ۹ سے ۱۱ بجے تک جیسا بھی مناسب سمجھا جائے آپ ممبروں کے مشورہ سے وقت مقرر کیا جائےگا -

آنریبل شری بی - رام کشن راؤ (چیف منسٹر) - کیا میں یہ سمجھوں کہ جنرل ڈسکشن کے لئے آنریبل فینانس منسٹر کو یا مجھے کوئی موقع نہیں رہا ؟

مسٹر اسپیکر - موقع کافی ھے -

۲۷ - تاریخ کو ۳ بجے آنریبل ممبرس جب اپنا ووٹ دے چکیں تو اجلاس شروع ھوگا - ووٹ کا وقت ۹ سے ۵ بجے تک رکھا گیا ھے - ۳ بجے سے پہلے یا اجلاس کے دوران میں بھی ووٹ ڈالے جا سکتے ھیں -

۲۸ - تاریخ کو ۱۰ بجے سے میں سمجھتا ھوں کہ ھاؤز ری پولنگ (Re-polling) کے لئے جمع ھونے تیار ھے -

آنریبل ڈاکٹر چنا ریڈی (اگریکلچر اینڈ سپلائی منسٹر) - میں یہ عرض کرونگا کہ ھمیشہ کے لئے ھاؤز کا ٹائم مقرر کردیا جائے تو مناسب ھے -

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ھوں کہ جملہ پارٹیز کے لیڈر آپس میں مشورہ کرکے اس کا تصفیہ کرلیں تو آسانی ھوگی - میں نہیں چاھتا کہ اربیٹریریلی (Arbitrarily) اپنی جانب سے کوئی وقت مقرر کردوں جسکی وجہ سے دوسرے آنریبل ممبرس کو دقت ھو -

آنریبل شری ونایک راؤ کورٹکر ودیا لنکار (کامرس اینڈ انڈسٹریز منسٹر) کونسل آف اسٹیٹ کا الکشن کہاں ھوگا -

مسٹر اسپیکر - یہیں ھوگا - ھمارے معتمد مسٹر ھنمنت راؤ اس کے ریٹرننگ آفیسر (Returning Officer) ھیں - ان سے تفصیلات دریافت کیجاسکتی ھیں -

اب آنریبل فینانس منسٹر اپنا ووٹ آف موشن پیش کریں -

The Hon'ble Dr. G. S. Melkote (Finance Minister) :—

Mr. Speaker, Sir, in accordance with Article 206 of the constitution, I move that a sum not exceeding Rs. 16,51,30,000 be granted to the Rajpramukh in advance in respect of the estimated expenditure for a part of the Financial year, 1952-53, as per heads and demands shown in the Annexure. The Annexure has been circulated to the Hon'ble Members already.

Motion moved مسٹر اسپیکر -

اب اسکے امنڈمنٹس پرسوں بارہ بجے تک آفس میں پیش ہونے چاہییں تاکہ انکی کاپیاں سیکلو اسٹائیل کرائی جاکر آنریبل ممبرس میں تقسیم کی جائیں -

شری لکشمی نیو اس گنیر یو ال (راماین پیٹھ) - کل جو بل نمبر (۱) پیش کیا گیا تھا اس کی کاپیاں نہیں ملی ھیں - عالیجناب سے درخواست ھے کہ بل وغیرہ جو پیش ھوں تو ان کی کاپیاں وقت پر ملیں تاکہ آنریبل ممبرس کو وچار کرنے کا موقع ملے -

مسٹر اسپیکر - جو بل آیا ھے سرکاری طور پر پرنٹ کرایا جارھا ھے - اس کے بعد آپ کو دیا جائے گا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے (اپا گوڑہ) - دو چیزیں آپ کے ملاحظہ میں لاناچاھتاھوں - پہلی چیز یہ کہ شارٹ نوٹس کے طور پر کچھ سوالات میں نے جناب معتمد صاحب کو دیئے تھے جو آنریبل منسٹر لوکل سلف گورنمنٹ سے متعلق تھے - ان کا کیانتیجہ نکلا معلوم نہیں - دوسری چیز یہ کہ عام طور پر یم - ایل - ایز کو گزٹ دیا جاتا ھے لیکن یہاں ھمیں اب تک نہیں دیا گیا - ھر ممبر کو گزٹ دیا جائے تو مناسب ھے -

مسٹر اسپیکر - یہ صحیح ھے کہ پارلیمنٹ کے ممبروں کو گزٹ دیا جاتا ھے مگر چونکہ ھم بمبئی اسمبلی کے سسٹم کو اڈاپٹ (Adopt) کررھے ھیں اسلئے پہلے وھاں کے اصول دریافت کرونگا کہ وھاں کیا طریقہ ھے اور اس کے بعد فیصلہ کرونگا - آپ نے جو کوسچنس (Questions) روانہ کئے ھیں انکی اسکروٹنی (Scrutiny) آفس میں ھورھی ھے - اس کے بعد وہ میرے پاس پیش ھونگے جن پر میں مناسب تجویز کرونگا -

اب ھاؤز بر خواست کیا جاتا ھے -

Assembly then adjourned till Three of the clock on Thursday, the 27th March, 1952.